| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- کھانے پینے کے آداب پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضور خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جس طرح زندگی کے ہر شعبے سے متعلق بڑی اہم تعلیمات عطا فرمائی ہیں اسی طرح کھانے پینے کے آداب کے بارے میں بھی ہماری رہنمائی فرمائی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۸ کے پہلے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اگر ہم کھانے پینے کے آداب پر عمل کریں گے تو بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔
- تختہ تحریر پر کھانے پینے کے آداب لکھیں۔
  - کھانا بیٹھ کر کھائیں۔
  - پلیٹ/برتن میں کھانا اپنے سامنے سے لیں۔
  - کھانے میں پھونک نہ ماریں۔
  - کھانا کھانے کے بعد دُعا پڑھیں اور ہاتھ دھوئیں۔

- حضرت عمر بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں (بچپن میں) رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی آغوش میں پرورش پا رہا تھا تو (کھاتے وقت) میرا ہاتھ پلیٹ میں ہر طرف چلتا تھا، رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مجھے نصیحت فرمائی کہ (کھانے سے پہلے) بسم اللہ پڑھا کرو اور اپنے داہنے ہاتھ سے اور اپنے سامنے سے ہی کھایا کرو۔
- طلبہ کو کھانا کھانے کے بعد کی دُعا پڑھائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ

(مسند احمد، حدیث:7426)

ترجمہ: تمام تعریف اُس اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں کِھلایا، پِلایا اور مُسلمان بنایا۔

- طلبہ کو تاکید کریں کہ ہمیں کھانے کے آداب پر عمل کرنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| لقمہ | لُق۔مہ | نوالا |
| تعریف | تَع۔ریف | ثنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مشق جزو(۱) کا سوال (۲) اور (۳) کا جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو بتائیں کہ اگر کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو کھانے کے درمیان میں پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

ترجمہ: میں اللہ کا نام لیتا ہوں ابتدا اور انتہا میں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنی عملی زندگی میں کھانے پینے کے آداب پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں پانی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ ہمیں اس نعمت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ انھیں بتائیں پانی کے بغیر کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر ۳۸ پر پانی پینے کے آداب کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں پانی پینے کے آداب کے بارے میں بتائیں۔ کونسے آداب پانی سے پہلے درمیان میں اور پانی پینے کے بعد ملحوظِ خاطر رکھنے چاہییں۔
- تختہ تحریر پر آداب کی وضاحت درج ذیل طریقہ سے کریں۔

| پینے سے پہلے | پانی پیتے وقت | پانی پینے کے بعد |
|---|---|---|
| • پانی کا برتن دائیں ہاتھ میں پکڑنا، بسم اللہ پڑھنا۔ | • بیٹھ کر اور تین سانسوں میں پینا۔<br>• برتن میں سانس نہ لینا۔<br>دیکھ کر پانی پینا۔ | • الحمد للہ کہنا۔ |

- طلبہ سے ان آداب کی بلند خوانی کروائیں اور اُن سے پوچھیں کہ کیا وہ ان آداب کا خیال رکھتے ہیں؟
- طلبہ سے پانی کی اہمیت اور فوائد سے متعلق پوچھیں اور اُنھیں آگاہ کریں کہ پانی اللہ تعالیٰ کی بیش قیمت نعمت ہے۔ ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے اور اس کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔
- طلبہ سے پانی کے مقاصد اور فوائد کے متعلق گفتگو کریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً تصوّر دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے سوال کریں: پانی پینے کے آداب بتائیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

پانی کی اہمیت، فوائد اور استعمالات کیا ہیں؟ طلبہ کے تین گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کو ایک عنوان دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے عنوان پر چند جملے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: اسلامی آدابِ زندگی |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- گفتگو کے آداب جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو بولنے کی صلاحیت عطا کی ہے۔ انسان اللہ تعالیٰ کی واحد مخلوق ہے جو بول کر اپنی بات دوسروں کو سمجھا سکتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۳۸ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں گفتگو کے معنی ہیں بات چیت۔ انھیں بتائیں کہ گفتگو ہی ایسا ذریعہ ہے جس سے کسی کے ذہنی معیار اور شخصیت کا اندازہ ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے دینِ اسلام میں بھی گفت گو کرنے کے بارے میں ہدایات موجود ہیں۔ گفت گو کے آداب سے متعلق اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

  ترجمہ: اور لوگوں سے احسن طریقے سے بات کرو۔ (سورۃ البقرہ: ۸۳)
- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اُسے چاہیے کہ وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔ (صحیح بخاری: ۶۴۷۵)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اَحسن | اَح۔ سَن | خوب صورت |
| بہترین | بہِ۔ تَ۔ رِین | سب سے اچھا، اعلیٰ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اندازِ گفتگو سے متعلق کوئی واقعہ سنائیں۔